Total no of Pages:04

Class:VIII
Annual Examination: 2023-24
Marking Scheme
Subject: Urdu

Set: A

سوال نمبر۱: نیے دیے گیے سوالوں کا جواب لکھیے؟۱۰

(i) پیڑپودے ہمیں کس طرح سے آکسیجن دیتے ہیں؟

جواب : ہر جاندار سانس لیتا ہے سانس لینے سے ہوا پھیپھڑوں میں جاتی ہے آکسیجن سے خون صاف ہوتا ہے اور سانس کے ذریعے کاربن ڈای آکسایڈ باہر نکلتی ہے پیڑپتیاں بھی سانس لیتی ہیں کاربن ڈائی آکسائیڈ پودوں کے کام آجاتی ہے اس کے بدلے میں پتیاں آکیسجن چھوڑتی ہیں یہ آکیسجن ہمارے کام آتی ہے ۔

(ii) سبا لکشمی، نے کن فلموں میں اداکاری کے جوہر دکھاے؟

جواب :انھوں نے چار فلموں میں اداکاری کے جوہر دکھاے۔ ان کی پہلی فلم سیوا سدانم،اور دوسری فلمیں شکنتلا،ساوتری ، اور میراں ہیں ۔

(iii) انگریز دوبارہ دلی پر قابض ہونے میں کیوں کامیاب ہو گیے؟

جواب :انگریزوں کے جاسوس ہندوستانی فوج کے پل پل کی خبریں انہیں پہنچا رہے تھے ہندوستانیوں کے پاس منظم فوج اور وسائل کی کمی تھی اس وجہ سے انگریز دلی پر دوبارہ قابض ہونے میں کامیاب ہوگئے۔

(iv) مانچیسٹر میں مشتاق علی کا کھیل دیکھ کر انگریز مبصر نے کیا کہا؟

جواب :مانچسٹر میں میں مشتاق علی کا کھیل دیکھ کر ایک انگریز ریز مبصر نے کہا کہ رانجی اور دلیپ سنگھ کے دیس سے ایک جادوگر بلے باز آیا ہے ۔

(v) ابن سینا، کی ملاقات کن علماء سے ہوی؟

جواب : ابن سینا کی ملاقات البیرونی ابونصر عراقی، اور ابو سعید جیسے علماء اور صوفیاء سے ہوئی ۔

سوال نمبر۲: الفاظ کو معنوں میں منتقل کریں؟۵

الفاظ	-	معنی
غدر	–	ہنگامہ ، شورش

سرِ عام - کھلم کھلا

بغاوت - اپنے حق کے لیے لڑنا

جلاوطن - وطن سے نکالا ہوا

باقیات - بچی ہوی چیزیں

سوال نمبر۳: صفت عددی یا صفت مقداری میں سے کسی ایک کی تعریف لکھیے۔ اور کم از کم ایک مثال بھی پیش کیجیے؟۵

سوال نمبر۴: نیچے لکھے ہوے لفظوں کو واحد سے جمع میں منتقل کیجیے؟۵

واحد ---------- جمع

عالم ---------- علماء

غرض ---------- اغراض

محقق ---------- محققین

تجربہ ---------- تجربات

انعام ---------- انعامات

سوال نمبر۵: نیچے دیے گیے محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجیے؟۵

محاورے - جملے

نو دو گیارہ ہو نا ---------- پولیس کو دیکھتے ہی چور نو دو گیارہ ہو گیا۔

چار چاند لگنا ---------- آپ نے ہمارے یہاں شادی میں شریک ہو کر اس محفل میں چار چاند لگا دیا۔

موتی لٹانا ---------- سردیوں کی رات میں شبنم آسمان سے موتی لٹاتی ہے۔

سوال نمبر۶: ذیل میں دیے سوالوں میں سے صحیح جواب چن کر لکھیے؟۵

i- مشتاق علی، کا انتقال کب ہوا؟

2006

ii- حکومت ہند نے مشتاق علی کو کس ایوارڈ سے نوازہ ہے؟

بھارت رتن

iii- مشتاق علی نے فرسٹ کلاس میچوں میں کتنی سنچریاں بنایں؟

30

iv- بہادر شاہ ظفر کا انتقال کب ہوا؟

1862

v- سبھاش چندر بوس کی فوج کا نام کیا تھا؟

آزاد ہند فوج

سوال نمبر۷: کتابیں منگوانے کے لیے بک سیلر کے نام ایک خط لکھیے؟۱۰

کتابیں منگوانے کے لیے بک سیلر کے نام خط

جواب- نیشنل بک ڈپو؛

اردو بازار جامع مسجد دلی-6

مورخہ- ۲۱،نومبر۲۰۲۳ء

مکرمی تسلیم!

براہ مہربانی مندرجہ ذیل کتابیں بذریعہ وی-پی روانہ فرمائیے۔ نوازش ہوگی۔ اپنا پتہ لکھ رہا ہوں۔

1- پاپولر جغرافیہ۔۔۔۔۔تین کاپیاں

2- جان پہچان حصہ ۵۔۔۔۔۔۔۔۔۔دو عدد کل اعداد: ۵

عرض نیاز مند-

جبران احمد

مکان نمبر-۲

گلی نمبر-۴

ذاکر نگر،اوکھلا، نئی دہلی

سوال نمبر۸: اپنے پسندیدہ کھیلوں میں سے کسی ایک پر ڈیڑھ صفحہ کا مضمون لکھیے؟۱۰

میرا پسندیدہ کھیل (فٹبال)

بچپن میں میں نے بہت سے کھیل کھیلے لیکن مجھے فٹبال کا کھیل سب سے زیادہ پسند آیا شروع میں میں نے کرکٹ کھیلنا شروع کیا لیکن اس کھیل میں مسلسل حرکت نہیں ہے مجھے اس میں فٹبال کے مقابلے میں آدھا لطف بھی حاصل نہ ہوا۔ کرکٹ کے کھیل میں بہت وقت صرف ہوتا ہے ۔ میرے خیال میں یہ کھیل طالب علموں کے لیے موزوں نہیں ہے ۔ پھر دوسری بات یہ ہے کہ یہ ایک مہنگا کھیل ہے ۔اس کا سامان بہت قیمت میں آتا ہے ۔

بچپن میں میں نے دوسرے کھیلوں سے بھی دلچسپی لی میں نے کبڈی کھیل کر دیکھیں ۔اس کی یاد اب تک میرے دماغ میں تازہ ہے واقعی ایک دلچسپ کھیل ہے اس میں کھیلنے والے کو نہ صرف ہر وقت ہوشیار رہنا پڑتا ہے بلکہ اس کے اپنے بچاؤ کے طریقے بھی اختیار کرنے ہوتے ہیں کبڈی میں ایک کھلاڑی کو مخالف پارٹی کے 6 کھلاڑی گھیر لیتے ہیں تو اس کو آزاد ہونے اور محفوظ اپنی سرحد میں واپس آنے کے لیے نہ صرف پوری جسمانی طاقت صرف کرنی پڑتی ہے بلکہ دیماغ سے بھی کام لینا ہوتا ہے ۔اس قسم کے کھیل پرانے زمانے میں بہت پسند کیے جاتے تھے اس کھیل میں کوئی خطرہ نہیں ہوتا یہ اس کی بڑی خوبی ہے ۔ لیکن یہ کھیل شہروں میں کم کھیلا جاتا ہے اور چونکہ میں شہر میں رہتا ہوں اس لیے مجھ کو فٹبال کھیلنے میں بڑا لطف آتا ہے ۔ جب سب کھلاڑی متحد ہو کر ایک ہی مقصد کو حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں اور ان کی کوشش ایک قاعدے کی پابند ہوتی ہے ۔اس طرح کھیلنے والوں میں یکجہتی اور اصول کی پابندی کی عادت ہوتی ہے ۔

فٹبال میں مستعد رہنے تیزی سے فیصلہ کر کے اس پر عمل کرنے اور موقع سے فائدہ اٹھانے کا سلیقہ آتا ہے ۔

ریفری کی سیٹی کی آواز ایک دم رک جانے کی عادت سے نظم و ضبط پیدا ہوتا ہے اور ذرا سوچئے اس لمحہ کی خوشی کو جب گول ہو جاتا ہے ۔اور ٹیم خوشی خوشی ٹرافی جیت لیتی ہے اور سب سے بڑی بات یہ ہے کہ ہارنے والی ٹیم کتنی خندہ پیشانی سے شکست قبول کر لیتی ہے ۔

سوال نمبر۹ :ایم -ایس ۔ سبالکشمی کے بارے میں آدھ صفحہ لکھیے؟۵

ان کا جنم 16 ستمبر 1916ء میں ہوا تھا ۔ اسٹیج پر فن کا مظاہرہ کرنے کی روایت قایم کی ۔ ان کے زمانے کی اہم اور مشہور گانے والی خاتون سولن بای ؛ سدھیشوری دیوی؛ بیگم اختر؛کشوری امونکر ؛سبالکشمی کے زمانے کی اہم گانے والی خواتین تھیں ۔ انھوں نے چار فلموں میں اداکاری کے جوہر دکھاے ۔ ان کی پہلی فلم سیوا سدانم ؛اور دوسری فلمیں شکنتلا؛ساوتری ؛ اور میراں ہیں ۔ سبالکشمی کو بھارت رتن؛ پدم بھوشن ؛ رمن میکسیسی اور کلاندھی ایوارڈ پیش کیے گیے ۔